MSE(SA)-24

Total No. of Questions: 11 **AS-6** Total No. of Pages: 4

Subject: Urdu Roll No. 8122111

Time: 2.30 Hrs. UR-AS Max. Marks: 50

General Instructions:

عمومی ہدایات

1۔ سب سے پہلے سوال نامہ کے اوپر مقررہ جگہ پر اپنا رول نمبر لکھیں۔ 2۔ سوال نامہ کو حل کرنے سے پہلے ایک بار ضرور پڑھیں۔

3۔ ہر سوال کے جواب سے پہلے سوال نمبر اور پارٹ نمبر لکھنا نہ بھولیں۔ 4۔ خوش خط اور صاف وشفاف لکھیں اور کاغذ کا صحیح استعمال کریں۔

(حصہ الف) پڑھنے کا فہم

سوال نمبر1: درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور بعد میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ (5x1=5 نمبرات)

کوہ ہمالیہ ایک پہاڑی سلسلہ ہے جو برصغیر ہندوپاک کو سطح مرتفع تبت سے جدا کرتا ہے۔ اس پہاڑی سلسلہ میں دنیا کی بلند ترین چوٹی مونٹ ایورسٹ بھی واقع ہے جو چین اور نیپال کی سرحد پر ہے۔ سلسلہ کوہ ہمالیہ میں ایک سو سے زیادہ بلند چوٹیاں موجود ہیں۔ دنیا کے بہت بڑے دریا جیسے سندھ، گنگا، برہم پتر، یانگری، میکانگ، ہمالیہ کی بلندیوں سے ہی نکلتے ہیں۔ ہمالیہ کے دامن میں دنیا کی نصف آبادی جن میں بھارت، افغانستان، پاکستان، بنگلہ دیش، چین، نیپال، برما، تاجکستان، ازبکستان، ویتنام اور ملیشیا کے تین ارب لوگ آباد ہیں۔

(۱) دنیا کی بلند ترین چوٹی کا نام بتایئے؟

(۲) کوہ ہمالیہ میں دنیا کی کتنی بلند چوٹیاں موجود ہیں؟

(۳) ہمالیہ سے نکلنے والے چار دریاؤں کے نام لکھیے؟

(۴) کوہ ہمالیہ کے دامن میں کتنے لوگ آباد ہیں؟

(۵) مونٹ ایوریسٹ کن دو ملکوں کی سرحد پر واقع ہے؟

سوال نمبر2: درج ذیل درسی نظم کے بند کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے صحیح انتخاب کریں۔

(5x1=5 نمبرات)

پہاڑوں کا منظر ہے بنوں کا سماں ہیں ان میں ہزاروں چشمے رواں

کہاں تک بیاں اس کی ہوں خوبیاں ہے فردوس کا اس چمن پر گماں

Kashmir Student Alerts

یہ باغ ارم ہے یہ باغ عدن　　یہ میرا وطن ہے یہ میرا وطن

۱۔ شاعر کس کی خوبصورتی بیان کر رہا ہے؟

(ا) جنگل کی　(ب) شہر کی　(ج) گاؤں کی　(د) وطن کی

۲۔ شاعر اپنے وطن کو کس کے ساتھ تشبیہ دیتا ہے؟

(ا) جنت سے　(ب) دوزخ سے　(ج) ہمالیہ سے　(د) کسی سے نہیں

۳۔ باغ عدن سے کیا مراد ہے؟

(ا) جنت کا باغ　(ب) وہ باغ جہاں حضرت آدم کو رکھا گیا　(ج) شالیمار باغ　(د) نشاط باغ

۴۔ یہ نظم کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(ا) شیخ الدین نیر　(ب) چکبست　(ج) اقبال　(د) جاں نثار اختر

۵۔ اس بند کی روشنی میں وطن کی کون سی خوبی نہیں ہے؟

(ا) پہاڑ　(ب) ریگستان　(ج) جنگل　(د) چشمے

سوال نمبر ۳: درج ذیل درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور بعد میں دی گئی خالی جگہوں کو پورا کریں۔ (5x1=5 نمبرات)

اکتوبر اور نومبر کے مہینوں میں سرینگر سے کچھ دور پانپور میں زعفران کے کھیتوں کی خوبصورتی دیکھنے کی چیز ہوتی ہے۔ زعفران کے کھیتوں کو دیکھ کر یہ کہا جاسکتا ہے کہ اگر زمین پر بہشت ہے تو وہ یہیں ہے۔ زعفران کو بادشاہوں کا پھول کہا جاتا ہے۔ ہندوؤں کے یہاں زعفران کے تلک کو مقدس سمجھا جاتا ہے۔ زمانہ قدیم میں زعفران کو کش راجہ (کشمیر راجہ) بھی کہا جاتا تھا۔ یونان میں زعفران کی خوشبو محلوں میں استعمال ہوتی تھی۔ جب کہ کشمیر اور اسپین میں زعفران کو کھانوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

(I) کشمیر میں زعفران کی کاشت............... علاقے میں ہوتی ہے۔

(II) زعفران کو............ کا پھول سمجھا جاتا ہے۔

(III) قدیم زمانے میں یہاں .... کو.......... کہتے تھے۔

(IV) زعفران کو............. میں کھانوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

(V) ہندو لوگ زعفران کے.............. کو........... سمجھتے ہیں۔

Kashmir Student Alerts

(حصہ ب) قواعد

سوال نمبر۴: درج ذیل جملوں پر ہدایت کے مطابق عمل کریں۔ (4x1=4 نمبرات)

(i) رستم بہت بہادر ہے۔ (اس جملے میں "بہادر" کیا ہے؟)

(ii) ارشد نے لکھا۔ (ارشد فاعل ہے یا مفعول؟)

(iii) چوہا بھاگا۔ (اس جملے میں "فعل" کیا ہے؟)

(iv) میں نے خط لکھا۔ (اس جملے میں "خط" کیا ہے؟)

(v) احمد نے کتاب پڑھی۔ (یہ جملہ فعل ماضی ہے یا فعل حال؟)

سوال نمبر۵: (ا) درج ذیل الفاظ میں واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔ (2x1=2 نمبرات)

شیشے میوہ افکار علم

سوال نمبر۵: (ب) کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملائیے۔ (2x1=2 نمبرات)

الف	ب
گوتم بدھ	مذہبی ورزش
کپل وستو	بدھ مت کا بانی
یوگ	بدھ مت کی بنیادی تعلیمات
چار اعلیٰ سچائیاں	شمالی ہندوستان کا شہر

(حصہ ب) لکھنے کی صلاحیت

سوال نمبر۶: کسی ایک تصویر پر 100 سے 150 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (5 نمبرات)

ندی جس میں کوڑا کرکٹ ڈالا گیا ہو

کشمیر میں موسم سرما کی برف سے بھری تصویر

Kashmir Student Alerts

سوال نمبر۷: اپنے پرنسپل صاحب کے نام ایک ای میل لکھیے جس میں فیس معاف کرنے کی درخواست کی گئی ہو۔ (4 نمبرات)

(یا)

کتب فروش کے نام ایک خط لکھیے جس میں جموں و کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن کی شائع کردہ درسی کتب بھیجنے کی استدعا کی گئی ہو

سوال نمبر۸: درج ذیل الفاظ و محاورات میں سے تین کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ (3 نمبرات)

پہل کرنا   خواب دیکھنا   پھولے نہ سمانا   نصیحت   کھیل کود

(حصہ د) ادب

سوال نمبر۹: حصہ نثر میں سے درج ذیل دیے گئے درسی سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ (6 نمبرات)

ا) لیبارٹری کسے کہتے ہیں؟

ب) فضول خرچی کرنے والا کس کا بھائی ہے؟

پ) کلپنا چاولا نے اپنے کس قول کو سچ کر دکھایا؟

ت) گوتم بدھ یوگی اور سنیاسی کیوں بنے؟

ٹ) کس ملک میں زعفران کو شاہی رنگ سمجھا جاتا ہے؟

سوال نمبر۱۰: حصہ نظم میں سے درج ذیل دیے گئے درسی سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جوابات لکھئے۔ (4 نمبرات)

ج) دلکش چمن کس کو کہا گیا ہے؟

چ) ہمارے ملک کی تاریخ کیا رہی ہے؟

ح) کوئل کیسے گیت گاتی ہے؟

خ) اجنبی ہاتھوں سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

سوال نمبر۱۱: ''کمپیوٹر کا ارتقائی سفر'' یا ''چند خلاء باز خواتین'' سبق کا خلاصہ لکھئے۔ (5 نمبرات)

Kashmir Student Alerts